THE
# BAITUSSALAM BULLETIN

16 to 31 October 2018 | 06 to 21 Safar 1440 | Vol-3, Issue 20

Baitussalam.org | Baitussalam_org | Baitussalam_org | UAN: 021-111-298-111



Do not sit idle, for indeed death Is seeking you.' (Hazrat Hasan Al Basri RA)



Carry mercy and kindness in your heart for all people. ' (Hazrat Ali RDA)

NEWS & VIEWS

## Are Your Children Safe?

The effects of this highly secretive program have left many Muslim families severely traumatized




The Muslim community once again came under the spotlight last month when it was revealed that officials across the United Kingdom working under the much maligned and controversial framework called PREVENT have forcibly attempted to take children away from their parents using the Extremism Risk Guidance also known as (ERG 22+). Very few Muslims across the United Kingdom are aware of ERG 22+ let alone the guidance it entails and more importantly the implications it has for them in the grand scheme of things. ERG 22+ was developed after a study was conducted by prison service psychologists on twenty convicted offenders in prison who were deemed to have had a relationship with the Islamic faith. Furthermore, after the study was completed, psychologists identified twenty-two risk factors for establishing whether individuals were exposed to groups advocating terror or if they posed a credible security risk to the people. Harrowing stories of parents desperately trying to stop the authorities from forcibly removing their children allegedly at risk of extremism are now becoming the norm rather than the exception. It should be said that parents and their children targeted by the authorities have suffered a great deal by being randomly visited at home and being subjected to invasive questioning effectively being put on trial under the circumstances. Furthermore, the use of secret evidence gathered by the authorities on children that has been presented in family courts has left families facing an uphill battle when attempting to challenge the accuracy of the information and the manner in which it has been gathered. The effects of this highly secretive program have left many Muslim families severely traumatized and on the verge of mental breakdowns leaving them with no one to turn to for counselling and rehabilitation.

## A Pakistani woman gifts a hand embroidered Quran to a Madinah museum

One of its newest additions is a hand embroidered Quran that took 32 years to make

The Holy Quran Exhibition in Madinah is home to some of the most unique handwritten copies of the Quran. One of its newest additions is a hand embroidered Quran that took 32 years to make.



The person behind the hand embroidered Quran is a Pakistani housewife, Naseem Akhtar, who hails from a small town in the Punjab Province.

She started writing the Quran back in 1987 and completed it earlier this year. Naseem recently visited Madinah and handed it over to the Holy Quran Exhibition.

Speaking to a regional news channel she said that sometimes it would take her an entire day to sew one or two lines as she was extremely cautious of the task she had on her hands.

The Quran has been placed in a display in the exhibition and is open for visitors.

P.S. entry to the Holy Quran Exhibition is free of charge.

## Number of converted Muslims increases in Norway

The number of Norwegians choosing to become Muslim since 1990s has increased

The number of converted Muslims in Norway increased to at least 3,000 in the recent years, a researcher at Oslo University's Department of Culture Studies and Oriental Languages said. Norway's leading Verdens Gang newspaper reported that the number of Norwegians choosing to become Muslim since 1990s has increased. The report said the number of converted Muslims in the country during 1990s were around 500 while this number has reached around 3,000 in the recent years. Noting that previously Norwegian women used to convert to Islam as a result of marrying Muslim men, Vogt said: "This trend has now changed drastically. Now, women are choosing Islam after reading and researching about Islam." Monica Salmouk, a converted Muslim, told the newspaper that she chose Islam 4 years ago after researching and reading number of books about the religion. Salmouk said she visited the Islamic Cultural Center (ICC) mosque in Greenland, Oslo and chose to adopt Islam as her religion. Solva Nabila Sexelin, a 42- year old Norwegian, also said she decided to convert to Islam after being inspired by the Muslim asylum seekers which she has been helping out.



BAIT-US-SALAM UPDATES

## Baitussalam Welfare Trust: Aide sent to Indonesia in aftermath of earthquake



Recently calamity struck the country of Indonesia in form of an earthquake that brought about a lot of destruction in the country. Along with other international organizations, BWT also stepped up to provide aide and relief goods to Indonesia to help the people in need.

## Memorandums signed for upcoming projects in Syria:



BWT is picking up pace in its relief work projects for the aide of the Syrian refugees in partnership with various Turkish NGOs.

After a recent visit by a Trust member, a lot of new projects have been agreed upon work on which will commence soon InshaAllah.


the projects include a school project in Gaziantep, a school project with the Diyanet foundation in Adana; a 20 containers school project in Killis in collaboration with the Killis Governor and AFAD; a health *Page 2*

## Jamia Baitussalam Talagang: A visit for interested Parents by Ustaaz

A Lahore based NGO, Ustaaz, is arranging a field trip for those aspiring educationists or institutions who are open learning and sharing, to Jamia Baitussalam, *Page 2*



## Facts, Events & Beliefs




Safar is the 2nd month in the Islamic calendar. It has just begun and along with it have risen again the many misconceptions and beliefs that people associate with the month.

Here are some facts and misbelieves that are associated with the month of Safar:


The meaning of Safar and the historical background

Literally, it means empty or a house that is empty from items and goods. It also means empty handed. The Arabs (the pagan of Makkah) believed in the sacredness of the holy months. They did not indulge in war or any other crime in these months. *Page 2*











بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ (رجسٹرڈ)
Baitussalam Welfare Trust (Regd.)
Kindle the fire of knowledge and meet the basic needs of the deserving and the needy!
Water Wells | Food | Masajid | Ambulance | Calamity | Coffin | Medical | Qurbani
Baitussalam Welfare Trust, Ground Floor 26-C,Sunset Commercial Street No. 2, hayaban-e-Jami, Phase IV, D.H.A. Karachi - Pakistan. UAN: 021-111 298 111 | Email: info@baitussalam.pk
W W W . B A I T U S S A L A M . P K




**7. Praise them:** Praise is a powerful tool with children, especially in front of others. Children feel a sense of pride when their parents' praise them and will be keen to perform other good deeds. However, praise must be limited to Islamic deeds and deeds of moral value.

**8.Avoid humiliation:** Similarly, do not humiliate them in front of others. Children make mistakes. Sometimes, these mistakes occur in their efforts to please the parents. If you are unhappy with your children, tell them in private.

**9.Sports: The Holy Prophet Muhammad (SAW)** encouraged sports such as swimming, running and horse riding. Other sports that build character and physical strength are also recommended, as long as the children maintain their Islamic identity, wear appropriate clothes and do not engage in unnecessary mixing.

10. Responsibility: Have faith in their abilities to perform tasks. Give them chores to do in line with their age. Convince them that they are performing an important function and you will find them eager to help you out again.

**11.Don't spoil them:** Children are easily spoiled. If they receive everything they ask for, they will expect you to oblige on every occasion. Be wise in what you buy for them. Avoid extravagance and unnecessary luxuries. Take them to an orphanage or poor area of your city once in a while so they can see how privileged they are.

12. Don't be friends: It is common in the West for parents to consider their children as friends. In Islam, it doesn't work that way. If you have ever heard how friends talk to each other, then you will know that this is not how a parent-child relationship should be. You are the parents, and they should respect you, and this is what you should be teaching them. The friendship part should be limited to you and them keeping an open dialog so they can share their concerns with you and ask you questions when they have any.

**13.Pray with them:** Involve them in acts of worship. When they are young, let them see you in act of salaah (salat). Soon, they would be trying to imitate you. Wake them up for Fajr and pray as a family. Talk to them about the rewards of salaah so that it doesn't feel like a burden to them.

**14. Emphasize halal:** It is not always good to say "this is haraam that is haraam". While you must educate them on haram things, Islam is full of halaal and tell your children to thank Allah (SWT) for the bounties He has bestowed on them-not just for food and clothes. Tell them to be thankful for having eyes that see, ears that hear arms and legs and, the ultimate blessing, Islam in their hearts.

**Set an example:** As parents, you are the best example the children can have. If you talk to your parents rudely, expect your children to do the same to you. If you are disrespectful to others, your children will follow too. Islam is filled with Divine advice on the best ways to bring up your children. That makes it an obligation upon parents to be good Muslims so their children will try to emulate them. If you don't take Islam seriously, neither will your children. It goes back to our third point, which is to give them Islamic heroes. As a parent, you should be their number one hero.

## Memorandums signed for upcoming projects in Syria:

Talagang on the 31st of October'2018.

The visit agenda will include and introduction to the Baitussalam Welfare Trust specially its Education department; a detailed visit of the institute , presentations on various topics, a discussion session between the students of Jamia and the teachers, students' demonstrations and last but not the least a small but powerful bayan by Hazrat Maulana Abdus Sattar (DBA).

## Jamia Baitussalam Talagang: A visit for interested Parents by Ustaaz

clinic in Killis in collaboration with the Turkish Ministry of Health; and a widows and orphans colony benefiting approximately 450 widows and orphans in Syria.

May Allah (SWT) accept and make easy for the people involved their tasks and work and provide relief to the beneficiaries and keep everyone under His Divine blessings. Ameen


## "The happiest people are those who have found that Allah سبحانہ تعالی is enough"

Alhumdolillah The first session of the Baitusalam Youth Club's weekend Program for Girls was conducted on Friday 14th September.

Participants were from the following schools & Collages


Karachi Grammar School
Convent of Jesus & Marry
Education Bay
World Academy
CAS
The Intellect
Nakhla
Nixor
Lycems
Jaffer Public
St Patrick's.


It was an interactive and lively session Masha Allah.













## Facts, Events & Beliefs

They used to wait for such holy months to be over so that they can be free from all sort of restrictions and avail the opportunity to indulge in robbery, theft and war. Therefore, as soon as Muharram used to be over, and Safar began, they would start committing crimes, theft, robbery, fighting other tribes, leave their homes vacant and it is therefore this month named Safar.

Virtues of this month and prescribed practices

There are no particular practices of this month in the light of Quran and Sunnah, therefore a person should continue his/her daily routine practices. And as for the virtues of this month, it is the 2nd month of the Islamic calendar. There is no bad luck or ill-omened in this month as most of the people think. The Prophet (SAW) said:

"(There is) no Adwa (no contagious disease is conveyed without Allah's) Permission), nor Tiyara [nor is there any bad omen (from birds)], nor (is there any) Hama, Safar." (Al-Bukhari).

Superstitions and misconceptions of Safar

There are many misconceptions, innovations and whims prevalent among the people concerning the month Safar. On the other hand, bad lucks and ill-omened have been associated with this month. Some of these misconceptions are created by the Pagan of Makkah and followed by some sects of this Ummah and they associated many others to them. The followings are some of them:

Misplacing the months

The pagans of Makkah were guilty of wrongdoings concerning the months of Safar. They used to play with it by making it earlier than its actual place or postponing it. The Quran indicates this in the following verse:

"The postponing (of a Sacred Month) is indeed an addition to disbelief: thereby the disbelievers are led astray, for they make it lawful one year and forbid it another year in order to adjust the number of months forbidden by Allah, and make such forbidden ones lawful. The evil of their deeds seems pleasing to them. And Allah guides not the people, who disbelieve." (At-Tawbah 9:37)

**Not marrying in this month**

Some people think that marrying in this month brings many bad lucks, ill-omens and even destructions. Marrying in this month has no bad lucks or ill-omens in the light of authentic teachings of Islam. One can perform Nikah (marriage) at any day, night, week, month and year with any restrictions except when he/she is in the state of Ihram (during Ihram while performing Hajj and Umrah

Not starting a new business in this month


This month is full of misfortunes and calamities. So, one should not start business or any other work during this month as it will bring bad luck. There is nothing to do or start new business during this month; it is only whims of the people and nothing else.

Conclusion

In short, there are no bad lucks, ill-omens, misfortunes or calamities in any person, month, date or number in Islam. If something bad happens, it is due to our evils and bad deeds. We have to reform our deeds in order to remove calamities from our life. We should understand that all conditions which we face or befall us, good or bad, favorable or unfavorable are from our Lord (as a result of our bad or good deeds and actions). Allah the Almighty says:

## CROSSWORD PUZZLE OCT - 2ND

### CAN YOU GUESS THE PRESENT NAMES OF THE COUNTRIES MENTIONED BELOW?




**ACROSS**
1.Abyssinia
2.Ceylon
3.Tylos

**DOWN**
4.Benadir
5.Zanzibar
6.Java

**Answers Puzzle Oct'18-1**
**Across:** Algeria; 2-Iran; 3-Libya
**Down:** 4-Egypt; 5-Indonesia; 6-Jordan

**Note: Answers will be published in the November'18-1 issue of TBB**

Baitussalam Publications

Did you ever wish to seek true knowledge to a peaceful life of Islam?

Discover the exciting treasures of wisdom through Baitussalam Publications delivered right to your doorsteps.




☑ Yes! start my subscription for
Date:
☐ New ☐ Renewal {Reg. # } ☐ Send a free copy
☐ Gift {From: Mobile # Email:

Name:
Address:
Phone: Mobile:
Email:

**Payment Mode:** (Amount in Rs in words:
☑ Yes! find enclosed ☐ Cheque ☐ Demand Draft ☐ Paid Cash at Shop
☐ Cash on delivery { only for Pakistan @ Rs.75/- for Karachi }
Remarks: Rep Name:

Address: 30-C, Basement, 2nd Commercial Street, Phase-4, D.H.A., Karachi, Pakistan for further Inquiries: +92 21 35313274, +92-314-2981344, 021-111-298-111
WWW.BAITUSSALAM.ORG/PUBLICATIONS

Designing & Illustration by Fahmedeen Publications









دی بیت السلام بلیٹن

16 تا 31 اکتوبر 2018ء، 06 تا 21 صفر 1440ھ




# مارکیٹنگ

غلام عباس

## مارکیٹنگ کیا ہے؟

مارکیٹنگ وسیع مفہوم رکھنے والا ایک لفظ ہے۔مختصر الفاظ میں اسے بیان کرنا ہو تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ مارکیٹنگ نام ہے مطلوبہ(ٹارگٹڈ) کسٹمرز کو ڈھونڈنے کا اور پھر ان کی ضروریات کو دیکھ کر پروڈکٹس کو مارکیٹ میں لانے کا، نیز پروڈکٹ کی اس طرح تشہیر کرنا کہ لوگوں کو اس چیز کے خریدنے کا شوق پیدا ہونے لگے۔

## ایڈور ٹائزنگ

ایڈورٹائزنگ پروڈکٹ کی تشہیر کو کہتے ہیں اور یہ تشہیر اخبارات، میگزین میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے کی جاتی ہے، لوگوں کو اپنی پروڈکٹس سے متعارف کروایا جاتا ہے۔اسلام میں بھی ایڈور ٹائزنگ کا تصور ملتا ہے، چناں چہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ کوفہ کے بازار میں اپنی تلوار لہرا کر اعلان کر رہے تھے کہ کون ہے جو مجھ سے میری یہ تلوار خریدے۔

(الاوسط للطبرانی)

آج دنیا میں ایڈورٹائزنگ مختلف طریقوں سے ہو رہی ہے لیکن اگر شریعت کے اصولوں کو نظر انداز کیا جائے تو پھر یہ ایڈورٹائزنگ محض ایڈور ٹائزنگ نہیں رہتی بلکہ لوگوں میں فحاشی و عریانی اور حرص و ہوس پیدا کرنے کا ذریعہ بن جاتی ہے، اس لیے ایک مسلمان تاجر اگر ایڈورٹائزنگ کرنا چاہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسلامی تعلیمات کو بھی اچھی طرح ذہن نشین کرلے۔

## جھوٹ پر مبنی نہ ہو

اشتہارات لکھتے وقت اہتمام کرنا چاہیے کہ جھوٹ کی آمیزش نہ ہو، ایڈورٹائزنگ صرف اور صرف سچائی پر مبنی ہو۔اگر کوئی کمپنی اشتہار دیتے وقت یہ کہے کہ اسٹاک محدود ہے اس لیے جلدی خریدیں۔اب بعض اوقات یہ بات سراسر جھوٹ ہوتی ہے کیوں کہ اسٹور بھرے ہوئے ہوتے ہیں محض کسٹمرز کو متوجہ کرنے کے لیے یہ جملہ بول دیا جاتا ہے جو کہ جھوٹ ہونے کی وجہ سے گناہ ہے اور اس سے بچنا ضروری ہے۔اسی طرح چیز کی کوالٹی کو اگر اس کے اصل معیار سے بڑھا چڑھا کر پیش کیا جائے تو یہ بھی جھوٹ کے زمرے میں آتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں پائی جانے والی ایڈورٹائزنگ کا یہ ایک منفی پہلو ہے کہ اس میں اپنی پروڈکٹس کے بارے میں جھوٹ سے کام لیا جاتا ہے۔ بعض اشتہارات میں اپنی پروڈکٹ کی ایسی خصوصیات بیان کی جاتی ہیں جو اس میں موجود نہیں ہوتیں۔اس کے علاوہ پروڈکٹ کی خامیوں کو بھی چھپایا جاتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک مشہور حدیث کے مطابق کسی مسلمان تاجر کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنی چیز کے عیب چھپائے۔ آپ کا یہ ارشاد ایک طرف تو کسٹمر کے مفادات کی نگہبانی کرتا ہے اور دوسری طرف تاجروں کے لیے بھی مفید ہے۔جھوٹ بول کر اور عیب چھپا کر کوئی ایک مرتبہ تو اپنی چیز بیچ لے گا لیکن اس کے بعد کوئی اس پر اعتماد نہ کرے گا۔یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر کی اچھی کمپنیاں اس بات پر زور دیتی ہیں کہ ہمارے کسی برانڈ کے نام پر کوئی خراب پروڈکٹ گاہک تک نہ پہنچنے پائے حتیٰ کہ اگر ان کی کوئی پروڈکٹ کسی دکاندار کے پاس بھی خراب ہو جائے تو وہ اسے وہاں سے اپنے خرچ پر اٹھا کر ان کے بدلے صحیح اشیا فراہم کرتی ہیں تاکہ ان کے برانڈ کا امیج خراب نہ ہو ملٹی نیشنل کمپنیوں کے برعکس ہماری مقامی کمپنیاں اس دروغ گوئی اور عیب چھپانے میں زیادہ ملوث ہیں۔

## دوسروں کی حق تلفی نہ ہو

ایڈورٹائزنگ کے ذریعے مارکیٹ میں مقابلے کی ایسی فضا نہ قائم کی جائے، جس سے دوسروں کی حق تلفی ہو، بلکہ تعاون، رواداری اور حسنِ معاملہ کو فروغ دیا جائے۔ اسلام کی عمارت تو اخلاق کی بنیادوں پر قائم ہے اور یہ اپنے پیروکاروں کو ایثار و ہمدردی کا درس دیتا ہے اور حرص و ہوس کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔اس لیے ایسی ایڈورٹائزنگ سے گریز کریں جو دوسرے کے حقوق ہڑپ کرنے پر مبنی ہے۔

## غیر ضروری اشتہار بازی

ایڈورٹائزنگ کی مد میں ہونے والے اخراجات چوں کہ پروڈکٹس کی کاسٹ میں شامل کیے جاتے ہیں جس کا بوجھ بے چارے کسٹمر کی جیب پر پڑتا ہے، اس لیے غیر ضروری ایڈورٹائزنگ سے بچنا چاہیے، تاکہ معاشرتی فلاح کا سبب بنیں نہ کہ عوام کو ایڈورٹائزنگ کی مد میں ہونے والے فضول اخراجات کے بوجھ تلے داب دیں۔

## غیر ضروری اشیاء کی تشہیر

بعض اوقات ایڈور ٹائزنگ کرتے وقت ایسی چیزوں کو ہائی لائٹ کر کے لوگوں میں ان کی طلب پیدا کی جاتی ہے جو ضروریات کے زمرے میں نہیں آتیں جس سے عوام میں تعیشات کی عادت پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے ایڈورٹائزنگ کرتے وقت اس بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ اپنے ذرا سے دنیاوی فائدے کے لیے لوگوں کو عیش و عشرت کا عادی نہ بنائیں۔

## دوسروں کی برائیاں واضح نہ کریں

ایڈور ٹائزنگ کرتے وقت اپنے مقابل کی خامیاں ہرگز نہ بیان کی جائیں۔ یہ ایک غیر اخلاقی حرکت ہے جس سے بچنا ضروری ہے۔ اگر آپ اپنی پروڈکٹ کی تشہیر چاہتے ہیں تو




دوسروں کی چیزوں میں عیب دکھانے کی بجائے اپنی پروڈکٹ کا معیار اتنا بلند بنائیں کہ لوگ خود آپ کی طرف متوجہ ہوں اور آپ کی پروڈکٹ کو ان غیر اخلاقی بیسا کھیوں کا سہارا نہ لینا پڑے۔

## ایڈور ٹائزنگ کے حرام ذرائع


یڈورٹائزنگ کے لیے ان ذرائع کا استعمال کرنے سے پرہیز کرنا چاہیے جو شرعاً ممنوع ہیں۔آج کل یک گناہ جو ہر ایڈورٹائزنگ کا لازمی حصہ بن گیا ہے کہ اگر کسی چیز کی تشہیر کرنی ہے تو اس میں عورت کا وجود لازمی ہے۔ نمک کی تھیلی سے لے کر بڑی سے بڑی چیز کو عورت کے ذریعے لوگوں میں متعارف کروایا جا رہا ہے۔ یاد رکھیں یہ گناہ کبیرہ ہے اس لیے ایڈور ٹائزنگ کرتے وقت حرام ذرائع کا انتخاب کر کے اللہ کے عذاب کو دعوت دینے کی بجائے حلال ذرائع اختیار کریں۔ بہت سی کمپنیاں ہیں کہ جن کے اشتہار شریعہ کمپلائنٹ ہوتے ہیں اور بغیر عورت کے وجود کے بھی ان کی ایڈورٹائزنگ عمدہ ہو رہی ہے۔

## پروڈکٹ کے بارے میں مبالغہ آرائی

آپ کی پروڈکٹ میں جتنی خصوصیات حقیقت میں موجود ہیں اتنی ہی خریدار کو بتائیں۔ زیادہ بڑھا چڑھا کر پیش کرنے سے اگر کسٹمر متاثر ہو گیا اور آپ کی چرب زبانی نے اس کو اپنے دام میں پھنسا لیا اور اس نے وہ چیز خرید لی اور بعد میں وہ چیز مطلوبہ معیار کی نہ ہوئی تو یہ کسٹمر کو دھوکا دینے کے مترادف ہو گا اور دھوکا دینا مسلمان کے شایان شان نہیں۔آج کل ایڈور ٹائزنگ کرتے وقت پروڈکٹ کی خوبیوں کو جلی حروف میں لکھا جاتا ہے، جبکہ اس کے نتیجہ میں کسٹمر پر لاگو ہونے والی ذمہ داریوں کو اتنا باریک اور مبہم لکھا جاتا ہے کہ بسا اوقات اس کی طرف دھیان ہی نہیں جاتا۔جس سے فروخت ہونے والی چیز(Subject Matter) کی مناسب وضاحت خریدار کے سامنے نہیں آتی اور فروخت ہونی والی چیز کو خریدار سے چھپانا لازم آتا ہے اور اس طرح کرنے کو حدیث میں بے برکتی کا باعث کہا گیا ہے۔

## ایڈور ٹائزنگ

بڑے شہروں میں سڑک کے کنارے سائن بورڈ نصب کر دیئے جاتے ہیں جس پر کمپنیاں اپنی پروڈکٹس کے حوالے سے اشتہار لگاتی ہیں۔ خدا کی پناہ! ان سائن بورڈ پر عورتوں کی اخلاق باختہ تصاویر لگا کر اللہ کے غضب کو دعوت دی جاتی ہے۔ تصاویر بنانے سے ویسے ہی اسلام نے روکا ہے، پھر اگر وہ تصویریں بھی نہایت اخلاق سوز ہوں تو یہ اسلام سے دوری نہیں تو اور کیا ہے۔ یاد رکھیں آپ کی پروڈکٹ اگر معیار کے حوالے سے عمدہ ہے تو پھر آپ کو ان ہتھکنڈوں کی چنداں ضرورت نہیں، اس لیے عوام کو بے حیائی کا تحفہ دینے کی بجائے اپنی پروڈکٹ کی کارکردگی کو بہتر بنائیں۔ اس سے نہ صرف بزنس کا دنیاوی فائدہ حاصل ہو گا بلکہ حلال کمائی کی برکتیں بھی حاصل ہوں گی۔




# سلامتی کے پھول

محمد کاشف تبسم

سلامالسلام السلام علیکم ! کیسا پیارا تحفہ ہے، کسی دکھی مسلمان کو "السلام علیکم" کے الفاظ کا پرخلوص ہدیہ ملے تو وہ ایک پل کے لئے اپنے سارے درد بھول جاتا ہے، مگر سلام بھی تو ایسا ہو کہ اس کے ساتھ چہرے پر مسکراہٹ، لہجے میں اپنائیت اور دل میں خلوص کا جذبہ موجزن ہو، اگر ہم دل کی گہرائی سے سلام کے مطلب اور مفہوم کو سامنے رکھ کر اسے عام کریں، ہر دوست واجنبی، امیر و غریب اور اپنے و پرائے کو سلام پیش کرنے کا اہتمام شروع کرلیں تو یقینا معاشرے سے ذہنی تناؤ، ڈپریشن کافی حد تک ختم ہو جائے گا، سلام کرنے والا دوسرے کو سلامتی کی دعائے خیر دیتا ہے جو درحقیقت محبت کا اعلامیہ ہے، اور اپنے بھائی سے بغض، کینہ، حسد اور نفرت و حقارت کی آگ میں جلنے سے برات کا اعلان ہے، محبت، چاہت، الفت، خیرخواہی ہے اور اپنائیت کا سچا رشتہ ہی یہ کہنے پر مجبور کرتا ہے....السلام علیکم...ارے بھائی آپ پر سلامتی کے پھول برسیں!!

## سلام کے چند مختصر آداب

(1) ہر بار سلام کریں. آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی آدمی اپنے بھائی سے ملاقات کرے تو اس کو سلام کرے، پھر کچھ دیر بعد دیوار، درخت یا پتھر درمیان میں حائل ہو جائے تو پھر دوبارہ سلام کرے، یعنی جتنی بار ملاقات ہو اتنی بار سلام کرتا رہے۔(ابو داؤد)

(۲) سلام میں پہل کریں. ایک حدیث کا مفہوم ہے" لوگوں میں اللہ کے قرب اور اس کی رحمت کا زیادہ مستحق وہ بندہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرنے والا ہو۔" (ترمذی) ایک دوسری روایت میں ہے کہ سلام میں پہل کرنے والا تکبر سے بری ہوتا ہے۔(مشکوۃ)

(۳) سلام اتنی بلند آواز سے کرے کہ سلام کیے جانے والے کو بآسانی آواز پہنچ جائے ورنہ جواب کا مستحق نہ ہوگا، نیز جواب دینے والا بھی اسی طرح بلند آواز سے جواب دے ورنہ جواب ذمے سے ساقط نہ ہوگا۔

(۴) جب کوئی سلام کرے تو بہتر طریقے پر جواب دینا، کم از کم ویسے ہی الفاظ سے جواب دینا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: جب تمہیں سلام کیا جائے تو تم سلام سے بہتر الفاظ سے جواب دو، یا اسی کے مثل جواب دو۔(النساء)

(۵) عزیز، دوست، چھوٹے، بڑے، جانے پہچانے اور انجانے سب کو سلام کرے۔

(۶) جب کسی کے پاس کوئی تحریر لکھے تو السلام علیکم سے کلام کا آغاز کرے۔

(۷) سوار پیدل چلنے والے کو سلام کرے۔

(۸) پیدل چلنے والا بیٹھے ہوئے شخص کو سلام کرے۔

(۹) چھوٹا بڑے کو سلام کرے۔

(۱۰) سلام یا جوابِ سلام میں السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پر مزید کلمات کا اضافہ کرنا خلافِ سنت ہے۔(معارف القرآن ۲/ ۵۰۴)

(۱۱) جب گھر یا مسجد میں داخل ہو، وہاں اس کے علاوہ کوئی نہ ہو تو ان الفاظ سے سلام کرے، السلامُ علینا وعلی عبادِ اللہ الصالحین

(۱۲) اگر کوئی غائب شخص سلام پہنچائے تو اس طرح جواب دے، وعلیک وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(۱۳) اگر ایک شخص ایک جماعت کو سلام کرے تو جماعت میں سے ایک شخص کا جواب دینا کافی ہے، تمام حاضرین کا جواب دینا افضل ہے۔

(۱۴) اگر مسلمان دور ہو یا بہرا ہو تو ہاتھ سے سلام کرنا کافی نہیں زبان سے بھی کہنا چاہیے

(۱۵) جب کسی کی ملاقات سے فارغ ہو کر رخصت ہونے لگے تو سلام و داع کرے، یہ بھی سنت ہے۔

بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 1

علاج معالجے کے آلات و دوائیں پہنچانے کئی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ یاد رہے گزشتہ دنوں انڈونیشیا کے ساحلی علاقے میں 7.5 شدت سے زلزلہ آیا، جس سے ہزاروں اموات ہوئیں اور لاکھوں افراد بے گھر ہوئے ہیں۔

بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 2

منصوبہ 130 کنٹینروں کی مدد سے قائم کیے جانے والے 8 اسکولوں کے قیام کا ہے جو گورنرکلس کی نگرانی اور ترک رفاہی ادارے آفاد سے انتظامی شراکت سے شروع کیا جا رہا ہے، اس میں 9350 بچے پڑھ سکیں گے، دوسرا منصوبہ غازی انتب کے گورنر کی نگرانی میں شروع کیا جائے گا، جب کہ تیسرا منصوبہ دعنہ کے اندر دیانت فاؤنڈیشن کے اشتراک سے قائم کیا جائے گا، جس میں تقریبا 600، طلبہ پڑھیں گے۔ بیوہ خواتین اور یتیم بچوں کے لیے ایک رہائشی بستی قائم کی جا رہی ہے، یہ بستی شام کے اندر ہی کسی جگہ قائم کی جائے گی، ابتدائی طور پر 110 بیوہ خواتین اور 350 یتیم بچوں کی رہائش کا انتظام کیا جائے گا۔

بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 3

فعال اور مضبوط ہوتا جا رہا ہے یاد رہے بیت السلام کے تعلیمی منصوبوں کے تحت ملک بھر میں 355 مراکز قرآنیہ کام کر رہے ہیں، جن میں 13 ہزار سے زیادہ طلبہ ناظرہ و حفظ قرآن کے ساتھ ساتھ ابتدائی دینی اور بنیادی عصری تعلیم کسی فیس کے بغیر کر رہے ہیں، ہر مکتب ایک مستقل ادارہ ہے، بچوں کی تعلیم و تربیت کے ساتھ یہ مکاتب بیت السلام کی طرف سے مستحق اور نادار افراد تک راشن اور لباس پہنچانے کے لیے بھی کام کرتے ہیں۔

بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 4

کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن احمد مجدلانی نے بتائی۔ان کا کہنا ہے کہ اقوام متحدہ کے خصوصی ایلچی نکولے ملادینوف نے اسرائیل اور فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس کے درمیان سمجھوتا کرانے کی کوشش کر کے اپنے دائرہ کار سے تجاوز کیا ہے۔اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کو آگاہ کر دیا گیا ہے کہ ان کے خصوصی ایلچی فلسطینی حکومت کے لیے اب قابل قبول نہیں ہیں۔

بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 5

ایکڑ فٹ رہ گئے۔ بتایا گیا ہے کہ اکتوبر کے پہلے 11 روز میں پانی کے ذخائر میں 20 فیصد کمی ہوئی۔محکمہ موسمیات کے مطابق موسم سرما میں بارشیں اوسط سے کم رہنے کا خدشہ ہے، اکتوبر اور نومبر میں بہ ظاہر بارشوں کا امکان نہیں، جبکہ جنوری اور فروری میں شمالی علاقہ جات میں بارشیں ہو سکتی ہیں، ارسا کے مطابق ربیع سیزن میں پانی کی قلت 38 فیصد رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 6

پیسٹ کنٹرولرز کی خدمات حاصل کی ہیں۔ جن کا کہنا ہے کہ یہ مکڑیاں مکانات اور دفاتر وغیرہ میں بنائی جانے والی خفیہ اور مصنوعی کھڑکیوں سے در آتی ہیں۔ان مکڑیوں کا سائز 50 پینس کے سکے کے برابر ہوتا ہے اور اگر وہ ڈنک مار دیں تو پورے جسم میں سوزش اور تکلیف شروع ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد کئی ہفتے پوری طرح صحت مند ہونے میں لگتے ہیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ اگر کسی کے ساتھ ایسا واقعہ ہو جائے تو انہیں فوری طور پر طبی امدادی اداروں سے مدد حاصل کرنا چاہیے۔

بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 7

بازوں نے ہنگامی لینڈنگ کی ہے اور اس ایمرجنسی میں وہ حیرت انگیز طور پر محفوظ رہے امریکی خلائی ایجنسی ناسا کے مطابق خلائی راکٹ نے قازقستان میں واقع روسی خلائی اسٹیشن بیکانور سے اڑان بھری جس میں ایک امریکی اور ایک روسی خلاباز سوار تھے۔سویوز راکٹ میں اس وقت خرابی پیدا ہوئی جب وہ زمینی فضا اور خلا کے کنارے پر تھا یہ خرابی راکٹ بوسٹر میں پیدا ہوئی تھی۔ ناسا کا کہنا ہے کہ دونوں خلا باز اس واقعے میں محفوظ رہے اور وہ کیپسول سے باہر آگئے ہیں جب کہ انہیں کسی قسم کی طبی امداد دینے کی ضرورت نہیں پڑی۔روس نے واقعے کی مکمل تفتیش کا اعلان کرتے ہوئے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے لیے اپنی اگلی پروازیں وقتی طور پر روکنے کا اعلان بھی کیا۔

بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 8

قبل NBC چینل نے بتایا تھا کہ امریکا اور ترکی ایک معاہدے پر متفق ہو گئے ہیں۔معاہدے کے تحت برینسن کے مقدمے کی آئندہ پیشی کے دوران اُس پر عائد الزامات کو ختم کر دیا جائے گا اور امریکی پادری کی رہائی عمل میں آجائے گی۔ یاد رہے برینسن کے معاملے نے ترکی اور امریکا کے درمیان تعلقات میں کشیدگی پیدا کر دی ہے۔۔۔ترکی کا برینسن پر الزام ہے کہ اس کے کرد مسلح عناصر اور امریکا میں مقیم ترک مبلغ فتح اللہ گولن کے حامیوں کے ساتھ تعلقات ہیں۔

بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 9

جناب عادل زبیری کے ہمراہ اسکول کے تمام شعبہ جات کا دورہ کیا، معزز مہمان نے اسکول کے نظم و ضبط اور تعلیمی نظم و نسق پر مسرت اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔